سوال

سیلف جنیریٹیڈ الکوہل جو دوا میں استعمال ہوتا ہے اور تمام ایورویدک اور ہومیوپیتھک دواء وں کے بارے میں جن میں الکوہل ہوتا ہے کیا حرام ہے ؟ حدیث کے مطابق کم مقدار بھی حرام ہے اور اس سے علاج بھی بے فاء دہ ہے ، اور بیچنا بھی حرام ہے ۔

جواب

ہومیوپیتھک ادویات کا استعمال السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !سوال ۔ ہومیوپیتھک دواؤں میں دوائی کو محفوظ کرنے کےلیے الکحل استعمال کیا جاتا ہے ، کیا اسکا استعمال جائز ہے یا ناجائز ہے ۔ ؟ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!!اگر تو دوائی میں الکوحل کا استعمال اس قدر ہے کہ اس دوائی کے قلیل یا کثیر مقدار میں تناول کرنے سے نشہ ہوجاتا ہو تو اس دوائی کا استعمال جائز نہیں ہے اور اگر اس دوائی کے قلیل یا کثیر استعمال سے نشہ نہ ہوتا ہو تو اس کا استعمال جائز ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ